نیشنل ٹی ٹونٹی کپ سیکنڈ الیون ٹورنامنٹ کاتیسراروز،ناردرن اورسدرن پنجاب فاتح

- اسپنرز نےناردرن کوسنٹرل پنجاب کے خلاف 19 رنز سے کامیابی دلادی
- سنٹرل پنجاب کے اسپنر رضا علی ڈار کی ہیٹ ٹرک اور7 شکار رائیگاں
- ذیشان اشرف کی نصف سنچری ، سدرن پنجاب نے خیبرپختونخوا کو 3 وکٹوں سے شکست دے دی

لاہور، 15اکتوبر 2019ء:

ایونٹ کے تیسرے روز نیشنل اسٹیڈیم کراچی میں کھیلے گئے پہلے میچ میں ناردرن نے اسپنرز کی عمدہ باؤلنگ کی بدولت سنٹرل پنجاب کو 19 رنز سے شکست دے دی۔رضا حسن، اسامہ میر اور نعمان علی نے مجموعی طور پر 6 کھلاڑیوں کو پویلین کی راہ دکھائی۔ سنٹرل پنجاب کے رضا علی ڈارکے میچ میں7 شکار رائیگاں گئے۔ نیشنل ٹی ٹونٹی کپ سیکنڈ الیون ٹورنامنٹ کے پہلے میچ میں ناردرن نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کا فیصلہ کیا۔ ناردرن کرکٹ ٹیم کا کوئی بھی کھلاڑی سنٹرل پنجاب کے اسپنر رضا علی ڈار کی گھومتی گیندوں کا سامنا نہ کرسکا اور پوری ٹیم 162رنز پر ڈھیر ہوگئی۔31 سالہ اسپنر نے 29 رنز کے عوض 7 کھلاڑیوں کو پویلین کی راہ دکھائی۔ اسپنر نےاننگز کی آخری 3 گیندوں پر 3 کھلاڑیوں کو آؤٹ کرکےایونٹ کی پہلی ہیٹ ٹرک بھی اپنے نام کی۔ ناردرن کی جانب سے سرمد بھٹی 47 رنز بنا کر سب سے نمایاں بیٹسمین رہے۔جواب میں نعمان انور اور عثمان صلاح الدین پر مشتمل اوپننگ جوڑی نے سنٹرل پنجاب کو 52 رنز کا آغاز فراہم کیاتاہم اگلے 8 کھلاڑی اسکور میں صرف 87 رنزکا اضافہ ہی کرسکے۔مڈل آرڈر بلے بازوں نے رضا علی ڈار کی محنت پر پانی پھیر دیا ۔ سنٹرل پنجاب کی ٹیم مقررہ 20 اوورز میں9 وکٹوں کےنقصان پر 143 رنز ہی بناسکی۔ اوپنر عثمان صلاح الدین نے سب سے زیادہ 27 رنز اسکور کیے۔ اسامہ میر نے 3، رضاحسن اور صدف حسن نے 2،2 جبکہ سلمان ارشاد اور نعمان علی نے 1،1 کھلاڑی کو آؤٹ کیا۔

دوسرےٹی ٹونٹی میچ میں سدرن پنجاب نے خیبرپختونخوا کو 3وکٹوں سے شکست دے دی۔ ذیشان اشرف نے عمدہ کارکردگی کا تسلسل برقراررکھتے ہوئےدھواں دھار نصف سنچری اسکور کی۔ اس سے قبل سدرن پنجاب نے ٹاس جیت کر پہلے فیلڈنگ کا فیصلہ کیا۔ نبی گل کی جارحانہ بلے بازی کی بدولت خیبرپختونخوا نےمقررہ 20 اوورز میں 6وکٹوں کے نقصان پر 197رنز بنائے۔ نبی گل نے 60گیندوں 10 چوکوں اور 3 چھکوں کی مدد سے 94 رنز اسکور کیے۔مہران ابراہیم نے 16گیندوں پر 23رنز کی اننگز کھیلی۔ سدرن پنجاب کی جانب سے محمد عمران نے3کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ جواب میں سدرن پنجاب نے مطلوبہ ہدف19.4 اوورز میں 7وکٹوں کے نقصان پرحاصل کرلیا۔ گذشتہ میچ میں سنچری اسکور کرنے والے اوپنر ذیشان اشرف نے 26 گیندوں پر 52رنز کی جارحانہ اننگز کھیلی۔ ان کی اننگز میں 4 چوکے اور 2 چھکے شامل تھے۔ مڈل آرڈر بیٹسمین زین عباس 47 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔خیبرپختونخوا کی جانب سےاسپنرخالد عثمان نے 2 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔

ایونٹ میں بدھ کے روز 2 میچز کھیلے جائیں گے۔ پہلے میچ میں خیبرپختونخوا اور سندھ جبکہ دوسرے میچ میں بلوچستان اور سنٹرل پنجاب کی ٹیمیں مدمقابل ہوں گی۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk